221

PUNJAB
Education Foundation

حوالہ نمبر: PEF/PSRP/CIR/2025/147 تاریخ: 22اپریل2025ء

عنوان: انسدادِ ڈینگی سرگرمیوں کا روزانہ کی بنیاد پر اندراج نہ کرنے پر جرمانہ

محترم پی ایس آر پی لائسینسیز،

اسلام علیکم!

تمام سکول لائسینسیز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ روزانہ کی بنیاد پر اینٹی ڈینگی سرگرمیوں کا اینٹی ڈینگی ایپلیکیشن میں اندراج نہ کرنے پر 1% روزانہ کی بنیاد پر جرمانہ عائد ہوگا جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

- جرمانہ کا اطلاق ان اسکولوں پر ہوگا جو ایک ہفتہ کے دوران (یعنی سوموار تا ہفتہ) دو یا دو سے زائد دن اینٹی ڈینگی سرگرمیوں کا ایپلیکیشن میں اندراج نہیں کریں گے۔ دوران ہفتہ ایک دن اینٹی ڈینگی سرگرمی کا اندراج نہ کرنے پر کوئی جرمانہ عائد نہ ہوگا۔
- جرمانہ عائد کرنے کی ترتیب یہ ہوگی کہ اگر اسکول ایک ہفتہ (سوموار تا ہفتہ) کے دوران دو دن اینٹی ڈینگی سرگرمی کا اندراج نہیں کرے گا تو اس پر 2% جرمانہ عائد ہوگا۔ اسی طرح 3 دن اندراج نہ کرنے پر 3% جرمانہ، 4 دن اندراج نہ کرنے پر 4% جرمانہ، 5 دن اندراج نہ کرنے پر 5% جرمانہ، اور 6 دن اندراج نہ کرنے پر 6% جرمانہ عائد ہوگا۔
- جرمانہ کی رقم کی کٹوتی اسکول کی ماہانہ ادائیگی سے کرلی جائے گی۔

لہٰذا تمام اسکول لائسنسیز کو تاکید کی جاتی ہے کہ اینٹی ڈینگی ایپلیکیشن میں روزانہ کی بنیاد پر اینٹی ڈینگی سرگرمیوں کا اندراج بلا تعطل اور مطلوبہ تعداد میں SOPs کے مطابق دوپہر 1 بجے سے پہلے کریں۔ اینٹی ڈینگی سرگرمیوں کا اندراج نہ کرنے یا Fake اندراج کرنے کی صورت میں کوئی بھی عُذر قبول نہیں کیا جائے گا۔

نوٹ: ایسے تمام سکول جو سہ پہر 3 بجے کے بعد اپنی اینٹی ڈینگی سرگرمیاں جمع کروائیں گے ان پر روزانہ کی بنیاد پر 01 فیصد جرمانہ عائد کیا جائے گا۔ یاد رہے کہ یہ جرمانہ روزانہ کی بنیاد پر اینٹی ڈینگی سرگرمیاں جمع نہ کروانے والے جرمانہ کے علاوہ ہوگا۔

(کسی بھی پریشانی کی صورت میں اینٹی ڈینگی سیل (Anti Dengue Cell) سے 042-99232765 پر رابطہ کریں)

خیر اندیش

ڈائریکٹر (PSRP-I)